No.SAC-M.01/2020
Supreme Appellate Court
Gilgit-Baltistan

Gilgit, the 08th October, 2020

پریس ریلیز

سپریم اپیلیٹ کورٹ گلگت بلتستان کے رجسٹرار جناب نیاز محمد خان صاحب نے آج سب رجسٹری آفس ضلع غذر کا دورہ کیا اور ویڈیو کانفرنس کے ذریعے مقدمات کی سماعت کے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ کورٹ اور سول کورٹ کا بھی دورہ کیا ججز اور سٹاف سے ملاقات کی ۔ ڈسٹرکٹ بار ضلع غذر کے دفتر کا بھی دورہ کیا ۔ صدر ڈسٹرکٹ بار جناب دیدار شاہ صاحب اور کابینہ نے رجسٹرار صاحب کا استقبال کیا۔ ڈسٹرکٹ بار کے دفتر میں منعقدہ تقریب میں صدر دیدار شاہ صاحب نے ڈسٹرکٹ غذر کی وکلاء کو درپیش مسائل سے اگاہ کیا ۔اور ضلع غذر جیسے دور افتادہ علاقے میں سپریم اپیلیٹ کورٹ کی سب رجسٹری آفس قائم کرنے اور ویڈیو کانفرنس کے زریعے مقدمات کی سماعت پر چیف جسٹس گلگت بلتستان جناب سید ارشد حسین شاہ صاحب اور رجسٹرار جناب نیاز محمد خان صاحب کا تحت دل سے شکریہ ادا کیا ۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رجسٹرار سپریم اپیلیٹ کورٹ نے اپنے اعزاز میں تقریب منعقد کرنے پر ڈسٹرکٹ بار غذر کا شکریہ ادا کیا ۔ انہوں نے وکلاء کو دور جدید میں ویڈیو کانفرنس کے زریعے مقدمات کی سماعت کی افادیت کے بارے میں بتایا ۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس گلگت بلتستان سید ارشد حسین شاہ صاحب کے حکم پر ہم گلگت بلتستان کے تمام اضلاع میں ویڈیو کانفرنس والا نظام قائم کردیا ہے انشاءاللہ آئندہ ہفتے سے باقاعدہ سماعت کا آغازہوجائے گا۔ انہوں نے وکلاء کو ان کی مسائل حل کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ بینچ اور بار دونوں آپس میں لازم و ملزوم ہیں۔ یہ دونوں مل کر عوام کو سستا انصاف فراہم کرسکتے ہیں۔ جدید دور کی سہولتوں تک رسائی وکلاء کا حق ہے

8/10/2020

چودھری عبدالقیوم